علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

(شعبہ قرآن و تفسیر)

وارننگ

عزیز طلبہ!

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: اصولِ تفسیر اور تاریخ تفسیر۔ (4611) سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: ایم۔اے علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

مشق نمبر1

کل نمبر:100 (یونٹ نمبر:1تا5) کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ قرآن مجید کی لغوی واصطلاحی تعریف بیان کرتے ہوئے قرآن مجید کے نزول کی کیفیت اور عہدِ صدیقی میں جمع و تدوین پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ شاہ ولی اللہؒ کے بیان کردہ پانچ علوم مختصرا بیان کیجیے اور علم الاحکام اور علم المخاصمہ پر مفصل اور جامع مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ قرآن مجید کے اسلوب بدیع پر روشنی ڈالیے اور تفسیر کے رجحانات شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے افادات کے تناظر میں لکھیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ عہد تابعین اور تبع تابعینؒ میں تفسیر پر ہونے والے کاموں کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ سبب نزول اور ناسخ و منسوخ کی عدم معرفت فہمِ قرآن کے لیے بڑی رکاوٹ ہے مثالوں سے اس دعوے پر دلائل اور ان مشکلات کا حل تحریر کیجیے۔ (20)

مشق نمبر2

کل نمبر:100 (یونٹ:6تا9) کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر1۔ تفسیر بالماثور کا مفہوم اور اقسام تفصیلاً تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ تفسیر مظہری اور تفسیر جلالین کے تعارف وخصائص کو بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر3۔ صوفیاء کے تفسیری رجحان کو بیان کرنے کے بعد تفسیر تستریؒ اور تفسیر ابن عربی پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیئے۔ (20)

سوال نمبر4۔ مختلف فرقوں کے تفسیری رجحانات کو بیان کیجیے اور تفسیر الکشاف از جار اللہ زمخشری کے تعارف اور خصوصیات پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ تفسیر روح المعانی از علامہ آلوسیؒ کا تعارف اور خصوصیات تفصیلاً تحریر کیجیے۔ (20)